ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(275)

مورخہ 15/05/2023

**بھاولپور ( ) ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سول لائنز پولیس کی منشیات فروش خاتون کے خلاف کارروائی، لاکھوں روپے مالیتی 2200 گرام ہیروئن برآمد، ملزمہ بند حوالات۔عوام الناس کا ایس ایچ او اور ٹیم کو خراج تحسین، منشیات جیسی لعنت سے نوجوان نسل کی تباہی کو روکنا مقصود ہے، ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او سید محمد عباس کی طرف سے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈان کے احکامات جاری کیے گئے تھے جس سلسلے میں تھانہ سول لائنز پولیس کی اسپیشل ٹیم نے منشیات کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن کیا۔ مخصوص انفارمیشن پر منشیات فروش خاتون نسیم کوثر زوجہ تنویر احمد جو کہ عباسیہ ٹاؤن کی رہائشی ہے کو گرفتار کیا۔ پولیس نے ملزمہ سے لاکھوں روپے مالیتی 2200 گرام ہیروئن موقع پر برآمد کر لی۔ ملزمہ کا شوہر تنویر احمد بھی منشیات اپنی بیوی کے ذریعے فروخت کرواتا تھا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے شاندار کارکردگی پر تھانہ سول لائنز پولیس کو شاباش دی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ منشیات کے خلاف جنگ جاری رہی گی۔ ایسے عناصر کا ہر صورت قلع قمع کیا جائے گا، منشیات فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تا کہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بھاولپور پولیس دن رات مصروف عمل ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بھاولپور: تھانہ سول لائنز پولیس کی منشیات فروش خاتون کے خلاف کارروائی
لاکھوں روپے کی 2200 گرام ہیروئن برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(276)

مورخہ 15/05/2023

## بہاولپور(      )ڈی پی اوسید محمد عباس کا پولیس تحفظ سینٹر کے حوالے سے واضح احکامات۔پولیس تحفظ سینٹر اب تک 285 ٹرانسجینڈ رکمیونٹی سمیت معاشرے کے کمزور و محکوم طبقات کے افراد کی قانونی،سماجی ومعاشرتی مدد کر چکا ہے۔عوامی خدمت کا یہ سفر جاری رہے گا۔ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس نے عوامی خدمت کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے بہاولپور میں تحفظ سنٹر کا قیام عمل میں لایا تھا۔ڈی پی او کے خصوصی احکامات پر پولیس خدمت مرکز بہاولپور میں تحفظ سنٹر قائم کیا گیا تھا۔تحفظ سنٹر ٹرانسجینڈ رکمیونٹی سمیت معاشرے کے تمام کمزور و محکوم طبقات، بے گھر و بے سہارا بچوں، ذہنی وجسمانی معذوری کے شکار افراد اور نشے وسماجی برائیوں میں پھنسے کم عمر بچوں کی بحالی، تحفظ اور مشکلات کے ازالے کیلئے کام کر رہا ہے۔اس سلسلے میں بہاولپور پولیس تحفظ سینٹر قائم ہونے کے پہلے دن سے لیکر اب تک 285 ٹرانسجینڈ رکمیونٹی سمیت معاشرے کے کمزور و محکوم طبقات کے افراد کی قانونی،سماجی ومعاشرتی مدد کر چکا ہے۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پولیس تحفظ سینٹر سرکاری و نیم سرکاری اداروں اور متاثرہ و مدد کے مستحق افراد کیلئے ایک پل کا کام کر رہا ہے۔جس سے کسی بھی آنے والے سائل، بچے، نشے کے عادی افراد،سماجی ومعاشرتی طور پر نظر انداز افراد کو متعلقہ محکمہ یا این جی او کے سپرد کر کے تحفظ سینٹر کا نمائندہ اس کا فالواپ لیتا ہے تاکہ ان افراد کی فلاح و بہبود بہتر اور تیز ترین طور پر ہو سکے اور ایسے افراد معاشرے میں اپنا ایک مثبت کردار ادا کر سکیں۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ پراجیکٹ نہایت اہمیت کا حامل ہے جس کی میں خود روزانہ کی بنیاد پر پراگرس کا جائزہ لیتا ہوں۔تاکہ اس کا اصل مقصد پورا ہو اور نظر انداز طبقات کی مکمل قانون،سماجی ومعاشرتی مدد ہوتی رہے،عوامی خدمت کا یہ سفر جاری رہے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:پولیس تحفظ سینٹر ٹرانسجینڈ رکمیونٹی سمیت معاشرے کے کمزور و محکوم طبقات کے افراد کی خدمت میں مصروف عمل